More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سبق نمبر:۲۱

# پاکستان کی تہذیب وثقافت

**سوال نمبر:(ا) درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

**(الف) تہذیب وثقافت کا فرق واضح کیجیے۔**

جواب: **ثقافت:** کسی بھی معاشرے میں رہنے والے افراد کے رہن سہن، رسم ورواج، زبان، ادب، فنونِ لطیفہ، عقائد ونظریات اور زندگی وموت کے مواقع پر اظہار کی جو جو صورتیں ہوتی ہیں انہیں ثقافت کہا جاتا ہے۔

**تہذیب:** دنیا کے کسی مخصوص خطے کی معاشرت میں ثقافتی اعمال کے اظہار کے لئے جب طریقے، سلیقے، ضابطے، اُصول اور قوانین وضع ہو جاتے ہیں اور روائت بن جاتے ہیں تو انہیں تہذیب کا نام دیا جاتا ہے۔

**(ب) پاکستان کی قدیم تہذیبوں کے بارے میں مختصراً تحریر کیجیے۔**

جواب: پاکستان کی سرزمین قدیم تہذیبوں کا گہوارہ ہے۔ یہاں دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں کے آثار موجود ہیں۔ پاکستان میں جو قدیم تہذیبیں موجود ہیں ان میں وادیٔ سندھ کی تہذیب، مہرگڑھ اور گندھارا تہذیب شامل ہیں۔

**مہرگڑھ کی تہذیب:** یہ تہذیب بلوچستان سے تعلق رکھتی ہے۔ جنوبی ایشیا میں باقاعدہ زراعت کا آغاز اسی تہذیب سے ہُوا جبکہ ۵۱۰۰ ق.م. میں یہاں اینٹوں کی مدد سے مکانات کی تعمیر شروع ہو چکی تھی۔ اس کا رقبہ ۱۱۷۰ ایکڑ ہے، یہ دریافت ہونے والے قدیم شہروں میں سب سے بڑا ہے۔ مہرگڑھ ۳۵۰۰ ق م میں دست کاری کا اہم مرکز تھا۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

وادیٔ سندھ کی تہذیب: موئن جودڑو اور ہڑپہ وادیٔ سندھ کی قدیم تہذیب کے آثار ہیں۔ یہ دنیا کی قدیم ترین تہذیب ہے۔ یہاں اب سے ساڑھے چار ہزار سال قبل تقریباً پچاس لاکھ کی آبادی تھی۔ شہر کی تعمیر بہترین منصوبہ بندی کی مظہر ہے۔ جبکہ سیوریج لائین یعنی گندے پانی کی نکاسی کا سسٹم بہت منظم اور کارآمد تھا۔ وادیٔ سندھ زراعت، دستکاری، صنعت و حرفت اور تجارت کا مرکز تھی۔

گندھارا اور بدھ مت کی تہذیبیں: یہ تہذیبیں پاکستان کے شمالی علاقوں میں واقع ہیں۔ ان تہذیبوں میں یونانی عکس نمایاں ہے۔ گندھارا تہذیب کا مرکز ٹیکسلا ہے۔ اس مقام پر حکومت نے عجائب گھر بھی قائم کیا ہے جہاں گندھارا اور بدھ مت تہذیب کے زمانے کے نوادرات نمائش کے لئے رکھے ہیں۔

(ج) پاکستان کی مشہور زبانوں کے نام بتایئے۔

جواب: پاکستان کی قومی زبان اُردو ہے اور یہ پاکستان کے ہر حصے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ تاہم پاکستان کے چاروں صوبوں میں بہت سی زبانیں بولی جاتی ہیں جن میں خاص خاص یہ ہیں: پنجابی، سندھی، بلوچی، پشتو، براھوی، ہندکو، گجراتی، میمنی اور بروہی ۔ یہ زبانیں اپنے مخصوص علاقوں کے ساتھ ساتھ ملک کے دیگر علاقوں میں بھی محدود پیمانے پر بولی جاتی ہیں۔

(د) پاکستان کے دیہی علاقوں میں کون کون سے کھیل کھیلے جاتے ہیں۔

جواب: یوں تو پاکستان کا قومی کھیل ہاکی ہے لیکن آج کل پاکستان میں کرکٹ سب سے زیادہ کھیلا جاتا ہے۔ جبکہ محلوں، بستیوں کی سطح پر کبڈی، ملاکھڑا، کشتی، گلی ڈنڈا، لٹو، تیراکی اور زور آزمائی کے مقابلے بھی دیکھنے میں آتے ہیں۔

(ہ) موئن جودڑو کی تہذیب کے بارے میں مختصر اً بتایئے۔

جواب: موئن جودڑو دنیا کی سب سے پرانی ترقی یافتہ تہذیب تھی۔ یہ اب سے

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

تقریباً ساڑھے چار ہزار سال قبل سندھ کی سرزمین پر دریائے سندھ کے کنارے لاڑکانہ سے تقریباً ستائیس کلومیٹر کے فاصلہ پر ایک اندازے کے مطابق پچاس لاکھ افراد کی آبادی پر مشتمل ہنستا بستا شہر تھا۔ جس کی گلیاں چوڑی اور سیدھی تھیں۔ شہر کے مرکز میں ایک بازار تھا اور سارے شہر کی گلیاں اسی بازار پر ختم ہوتی تھیں۔ موئن جودڑو کے باسی زراعت سے واسطہ ہونے کے ساتھ ساتھ صنعت اور تجارت سے بھی وابستہ تھے۔ اُن کا زیادہ تر سفر دریائے سندھ میں کشتیوں کے ذریعے ہوتا تھا۔ موئن جودڑو کے لوگ ہنرمند اور دستکاری میں ماہر تھے۔

سوال نمبر:(۲) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیے۔

| واحد | قانون | اثر | مرکز | ذخیرہ | آلہ | زائر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جمع | قوانین | آثار | مراکز | ذخائر | آلات | زائرین |

سوال نمبر:(۳) درج ذیل دُرست جوابات پر صحیح کا نشان (✓) لگائیے۔

(الف) ہمارے خطّے میں زراعت کا باقاعدہ آغاز کہاں سے ہُوا؟

(۱) وادیٔ سندھ (۲) مہرگڑھ (۳) بلوچستان (۴) سندھ

(ب) موئن جودڑو کی تہذیب پاکستان کے کس صوبے سے تعلق رکھتی ہے؟

(۱) خیبر پختونخواہ (۲) پنجاب (۳) بلوچستان (۴) سندھ

(ج) گندھارا تہذیب کا مرکز پاکستان کا کون سا علاقہ ہے؟

(۱) مکلی (۲) ہڑپہ (۳) ٹیکسلا (۴) موئن جودڑو

(د) پاکستان کی قومی زبان ہے:

(۱) انگریزی (۲) اردو (۳) عربی (۴) فارسی

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ہ) پاکستان میں سب سے زیادہ کھیلا اور دیکھا جانے والا کھیل ہے:

(ا) کرکٹ (۲) ہاکی (۳) فٹ بال (۴) کبڈی

سوال نمبر: (۴) درج ذیل الفاظ و محاورات اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

| الفاظ و محاورات | جملے |
|---|---|
| رنگ گہرا ہونا | مغلیہ دور کی تعمیرات میں اسلامی ثقافت کا رنگ گہرا ہے۔ |
| عقیقہ | میرا عقیقہ بچپن میں ہو گیا تھا۔ |
| جنم لینا | جب معاشرے میں ناانصافی عام ہو جائے تو بغاوت جنم لیتی ہے۔ |
| ناپ تول | ناپ تول میں کمی کرنا اسلامی اصولوں کے خلاف ہے۔ |
| جوڑے رکھنا | دلوں میں دشمنی پیدا کرنے کے بجائے دلوں کو جوڑے رکھنا بہتر عمل ہے۔ |
| قلب کو گرمانا | علامہ اقبال کی شاعری مسلمانوں کے قلب کو گرما دیتی ہے۔ |
| ساحل | کلفٹن کا ساحل کراچی کی منفرد تفریح گاہ ہے۔ |

سوال نمبر: (۵) پاکستان کے چاروں صوبوں کی تہذیبوں پر تقاریر تحریر کریں۔

جواب: **وادیٔ سندھ کی تہذیب**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قابلِ قدر جنابِ صدرِ محترم

معزز جج صاحبان

=====================================================

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

قابل اساتذہ اور میرے عزیز طالبعلم ساتھیو

السلام علیکم

جنابِ والا! پاکستان دنیا کے جس خطے میں واقع ہے اس کے مختلف علاقوں میں مختلف تہذیبوں نے جنم لیا۔ جن کی عمریں صدیوں نہیں بلکہ ہزاروں سال ہیں۔ پاکستان کی سرزمین مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کا سنگم ہے۔ پاکستان کی سرزمین پر اب سے ہزاروں برسوں کے دوران آریاؤں، ہندوؤں، منگولوں، عربوں، افغانوں، ترکوں، ایرانیوں اور مغلوں نے اپنے اپنے قدم جمائے اور اپنی اپنی تہذیبوں کے انمٹ نشانات چھوڑے جنہوں نے پاکستانی تہذیب و ثقافت کو مزید رنگین اور دلکش بنا دیا۔

صوبۂ سندھ پاکستان کا ایک اہم صوبہ ہے۔ یہ سمندر کے کنارے واقع ہے۔ جنابِ عالی سرزمینِ سندھ میں مسلمانوں کی انفرادی حیثیت میں آمد کا سلسلہ تو ابتدائے اسلام سے جاری تھا لیکن محمد بن قاسم نے ۷۱۲ء میں سندھ کو فتح کر کے یہاں مضبوط اسلامی حکومت کے قیام کی بنیاد رکھی۔ پاکستان کے قیام میں صوبۂ سندھ کا ایک اہم کردار یہ ہے کہ سندھ اسمبلی نے پاکستان کے قیام کی قرارداد منظور کی تھی۔ ۱۹۴۷ء میں پاکستان کے قیام کے بعد صوبۂ سندھ کی اہمیت بڑھ گئی۔ سابقہ ہندوستان سے ہجرت کر کے پاکستان آنے والے زیادہ تر مہاجرین نے سندھ میں سکونت اختیار کی۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے سندھ تعلیم، صنعت اور ملکی و بین الاقوامی تجارت کا اہم مرکز بن گیا۔ کراچی کی بندرگاہ دنیا میں ایک اہم مقام رکھتی ہے اور پاکستان کی درآمد و برآمد کا بیشتر سامان اسی بندرگاہ سے ترسیل پاتا ہے۔

جنابِ والا!

آج صوبۂ سندھ کا دارالحکومت "کراچی" پاکستان کی سالانہ آمدنی کا تقریباً

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

۶۵ رمہیا کرتا ہے۔ سندھ کے بڑے شہروں میں کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، میر پورخاص، نواب شاہ، شکارپور، خیر پور، جیکب آباد اور ٹھٹھہ ہیں۔ جبکہ ساحلِ سمندر کی طویل پٹی سندھ اور پاکستان کو بین الاقوامی آبی راستوں کے ذریعے دنیا بھر سے ملاتی ہے۔ جیکب آباد پاکستان کے گرم ترین علاقوں میں شمار ہوتا ہے۔ مکلی دنیا کا سب سے بڑا قبرستان ہے، سکھر کا پل اپنی تعمیر کے لحاظ سے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔

اجرک اور سندھی ٹوپی سندھ کی ثقافت کا لازمی جزو ہے۔ یہاں کی دستکاری میں اجرک، چوڑیاں، سندھی کڑھائی سے مزین لباس اور مٹی کے برتن شامل ہیں۔ سندھ کا قدیم کھیل ملاکھڑا ہے تاہم فی زمانہ کرکٹ اور فٹبال زیادہ مقبول کھیل ہیں۔ جبکہ آم، پپیتہ، ناریل، کیلا، چیکو اور امرود سندھ کے مشہور پھل ہیں۔ جبکہ کینجھر جھیل دنیا کی سب سے بڑی مصنوعی جھیل ہے۔ اسی جھیل سے سندھ کے بیشتر شہروں کو پینے کا پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ غرض یہ کہ صوبۂ سندھ جدید اور قدیم تہذیبوں کا سنگم ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# پنجاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جنابِ صدرِ محترم

معزز جج صاحبان

قابل اساتذہ اور میرے عزیز طالبعلم ساتھیو

السلام علیکم

جنابِ والا! پاکستان دنیا کے جس خطّے میں واقع ہے اس کے مختلف علاقوں میں مختلف تہذیبوں نے جنم لیا۔ جن کی عمریں صدیوں نہیں بلکہ ہزاروں سال ہیں۔ پاکستان کی سرزمین مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کا سنگم ہے۔ پاکستان کی سرزمین پر اب سے ہزاروں برسوں کے دوران آریاؤں، ہندوؤں، منگولوں، عربوں، افغانوں، ترکوں، ایرانیوں اور مغلوں نے اپنے اپنے قدم جمائے اور اپنی اپنی تہذیبوں کے انمٹ نشانات چھوڑے جنہوں نے پاکستانی تہذیب و ثقافت کو مزید رنگین اور دلکش بنادیا۔

صُوبۂ پنجاب آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ یہ صوبہ شمالی علاقوں سے جنوبی ایشیا پر حملہ آور ہونے والے فاتحین کے لئے اہم با قاعدہ گُزر گاہ تھی۔ یہ وجہ ہے کہ یہاں مسلم اور غیر مسلم ہر دو اقسام کی تہذیبوں کے آثار موجود ہیں۔ یہاں کی قدیم ترین تہذیب کے آثار ٹیکسلا اور ہڑپہ ہیں۔ ٹیکسلا میں تو اب سے پانچ ہزار سال قبل بھی یونیورسٹی کی تعلیم کے آثار ملے ہیں۔ پنجاب کے باسی اپنی قدیم تہذیبی روایتوں کے امین ہیں اور آج بھی اُن کی روایتی تقریبات، رقص اور دیگر معاشرتی تقریبات میں قدیم تہذیب کی جھلک نظر آتی ہے۔

شکریہ

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# بلوچستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قابلِ قدر جنابِ صدرِ محترم

معزز جج صاحبان

قابل اساتذہ اور میرے عزیز طالبعلم ساتھیو

السلام علیکم

جنابِ عالی

پاکستان دنیا کے جس خطے میں واقع ہے اس کے مختلف علاقوں میں مختلف تہذیبوں نے جنم لیا۔ جن کی عمریں صدیوں نہیں بلکہ ہزاروں سال ہیں۔ پاکستان کی سرزمین مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کا سنگم ہے۔ پاکستان کی سرزمین پر اب سے ہزاروں برسوں کے دوران آریاؤں، ہندوؤں، منگولوں، عربوں، افغانوں، ترکوں، ایرانیوں، مغلوں اور انگریزوں نے اپنے اپنے قدم جمائے اور اپنی اپنی تہذیبوں کے اَنمِٹ نشانات چھوڑے جنھوں نے پاکستانی تہذیب و ثقافت کو مزید رنگین اور دلکش بنا دیا۔

صوبہ بلوچستان میں بھی قدیم تہذیبوں کے آثار موجود ہیں۔ یہاں پر موجود مہر گڑھ کی تہذیب تقریباً ۵۱۰۰ ق۔م۔ کی تہذیب ہے یہیں سے جنوبی ایشیا میں باقاعدہ زراعت کا آغاز ہُوا۔ ۱/۱۷۰ ایکڑ پر پھیلا ہُوا مہر گڑھ قدیم ترین تہذیبوں میں دریافت ہونے والا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا شہر ہے۔ ۳۵۰۰ ق۔م۔ تک یہ شہر دستکاری کا ایک اہم مرکز تھا۔ بلوچستان کے لوگ خصوصی لباس زیب تن کرتے ہیں۔ پگڑی اور کڑھائی والا کُرتا بھی مردوں کی لباس کا حصّہ ہے جبکہ خواتین شیشوں سے مزیّن لباس بھی بہت شوق سے پہنتی ہیں۔ جبکہ یہاں کے مخصوص رقص بھی قدیم زمانے سے تاریخی ورثہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ شکریہ

..........................

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# خیبر پختونخواہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جناب صدرِ محترم

معزز جج صاحبان

قابل اساتذہ اور میرے عزیز طالبعلم ساتھیو

السلام علیکم!

جناب والا!

پاکستان دنیا کے جس خطے میں واقع ہے اس کے مختلف علاقوں میں مختلف تہذیبوں نے جنم لیا۔ جن کی عمریں صدیوں نہیں بلکہ ہزاروں سال ہیں۔ پاکستان کی سرزمین مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کا سنگم ہے۔ پاکستان کی سرزمین پر اب سے ہزاروں برسوں کے دوران آریاؤں، ہندوؤں، منگولوں، عربوں، افغانوں، ترکوں، ایرانیوں، مغلوں اور انگریزوں نے اپنے اپنے قدم جمائے اور اپنی اپنی تہذیبوں کے اَنمٹ نشانات چھوڑے جنہوں نے پاکستانی تہذیب و ثقافت کو مزید رنگین اور دلکش بنا دیا۔

یوں تو ہمارے ملک کا ذرّہ ذرّہ خوبصورت ہے اور مجھے اپنے پیارے ملک پاکستان کے ہر خطے سے پیار ہے۔ تاہم میں آج بات کروں گا اپنے صوبے ''خیبر پختونخواہ'' کی۔ خیبر پختونخواہ کی سرزمین بھی تاریخی ورثہ سے مالا مال ہے۔ ہمارے شمالی علاقوں میں مشہور گندھارا تہذیب اور بدھ مت کی تہذیب، کے آثار موجود ہیں۔ گندھارا تہذیب پہلی ہزارویں صدی عیسویں سے گیارہویں صدی عیسویں تک اپنے شباب پر تھی جبکہ بدھ مت تہذیب تقریباً دو ہزار تین سو سال قبل موریا گپت سلسلے کے راجہ اشوکا کی حکومت شباب پر تھی۔ اس کے علاوہ بھی اور بہت سی تہذیبوں کے آثار

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

ہمارے صوبے میں موجود ہیں جن کو دیکھنے کے لئے نہ صرف پاکستان کے ہر صوبے بلکہ دنیا بھر سے لوگ دیکھنے آتے ہیں۔

جنابِ والا اگر حکومتِ وقت صوبہ خیبر پختونخواہ میں موجود نوادرات اور تاریخی ورثہ کی حفاظت کرے اور انہیں غیر ملکی سیاحوں کے لئے بہتر طور پر سیر گاہ بھی بنا دے تو یہی تاریخی ورثے ہمارے ملک کیلئے زرِمبادلہ حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

شکریہ

..............................

سوال نمبر:(۶) خبر، فیچر اور ڈرامے کے درمیان فرق بیان کیجئے۔

جواب:

خبر: خبر کسی ایسی بات، واقعہ یا حادثے کو کہا جاتا ہے کہ جو عام عوام کے علم میں لائے جانے کے قابل ہو۔ اسی لئے کہتے ہیں ہر واقعہ یا بات خبر نہیں ہوتی۔ اگر کتے نے انسان کو کاٹ لیا تو یہ ایک عام بات ہے لیکن اگر کسی علاقے میں کتوں کی بھرمار ہو اور روز آنہ کتے انسانوں کو کاٹ رہے ہوں جس کی وجہ سے عام زندگی متاثر ہو رہی ہو تو یہ ایک خبر ہے۔

فیچر: کسی تقریب، یا تہوار کے حوالے سے لکھا جانے والا مضمون یا کسی ادارے کی کارکردگی کے بارے میں تحریر کو فیچر کہتے ہیں۔ فیچر میں واقعات اور خدمات کی تفصیلات خوبصورت اندازِ بیان کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں۔

ڈرامہ: انسانی زندگی میں جنم لینے والے واقعات کو کردار نگاری کے ساتھ تحریر کرنے کو ڈرامہ کہتے ہیں۔ ڈرامے میں کرداروں کے درمیان مکالمے ہوتے ہیں جو پڑھنے والے کو حقیقی زندگی میں پیش آنے والے واقعات سے قریب محسوس ہوتے ہیں۔ ڈرامہ کو باقاعدہ جذبات اُتار چڑھاؤ کے ساتھ ضبطِ تحریر میں لایا جاتا ہے۔ جس سے پڑھنے والے کو درد، تکلیف، خوشی اور غصہ کے تاثرات کا اندازہ ہوتا ہے۔

-----------

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com



www.Perfect24u.com